07/06/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ فاروق احمد سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میں شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کی 49 ویں بورڈ میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ کے دوران یاترا راستوں پر قائم کئے گئے بیس کیمپوں میں پانی ، بجلی ، ٹرانسپورٹ ، صحت ، ٹیلی کمیونکیشن اور دیگر سہولیات کے بارے میں ایل جی کو جانکاری دی گئی ۔ اس موقعہ پر لیفٹنٹ گورنر نے ہدایت دی کہ تمام تر زیر تعمیر کاموں کو اپنے مقررہ وقت پر مکمل کیا جانا چاہئے تاکہ یاتریوں کو بہتر سے بہتر بنیادی سہولیات فراہم کی جا سکے۔

یاترا انتظامات

ڈائریکٹر جنرل رورل سینٹیشن انو ملہوترا نے پہلگام کا تفصیلی دورہ کر کے چندن واڑی اور نُن ون میں شری امر ناتھ جی یاتریوں کے لئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے یاترا کے راستوں پر صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے اور کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے پر ٹھکانے لگانے کے لئے قابل عمل منصوبہ ترتیب دینے کی ہدایت دی ۔

عید

عید الاضحی کے سلسلے میں آج دوسرے روز بھی لوگوں میں جوش و خروش پایا جا رہا ہے ۔ لوگ آج بھی قربانی کا فریضہ انجام دے رہے ہیں اور اپنے عزیز و اقارب کو عید کی مبارک باد پیش کر رہے ہیں ۔ سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات نے جمونو کشمیر کے لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے۔

------Personalities-----

ٹریفک

عید کے پہلے روز عام لوگوں کو ٹریفک نظام کی بہتر سہولت فراہم کرنے کے لئے ٹریفک پولیس محکمے نے سرینگر میں معقول انتظامات کئے تھے ۔ شہر کے مختلف علاقوں میں ٹریفک پولیس اہلکاروں کی ایک اچھی خاصی تعداد کو تعینات کیا گیا تھا ۔ SSP ٹریفک سرینگر اعجاز احمد بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کو کسی بھی صورت میں بر داشت نہیں کیا جائے گا ۔

-------BYTE -------

کرشی سنکلپ ابھیان

وِکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت جموںو کشمیر میں بھی بیداری کے پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔ ابھیان کی اہمیت کے بارے میں کرشی وگیان کیندر سرینگر کے سربراہ پروفیسر شمیم سمنانی نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--(Prof. Shamim.)--Byte--

11 سال

مرکز میں NDA سرکار کے 11 سال مکمل ہوگئے ہیں ۔ ان گیارہ برسوں میں حکومت نے خواتین کی بہبودی اوت انہیں با اختیار بنانے کے لئے ٹھوس اقدامات کئے ۔ خواتین کو تعلیم ، کارخانہ داری ، ہنر مندی اور سیاست جیسے شعبوں میں با اختیار بنانے کے لئے ناری شکتی پر مبنی پروگرام عملائے گئے ۔ سال 2014 میں لوک سبھا میں خواتین ممبروں کی شرح گیارہ اعشاریہ دو تین فیصد تھی جو 2024 میں بڑھ کر 13 اعشاریہ چھ فیصد ہو گئی ہے ۔ اسی طرح راجیہ سبھا میں خواتین ممبروں کی شرح 12 اعشاریہ سات چھ فیصد سے بڑھ کر 16 اعشاریہ نو پانچ فیصد ہو گئی ہے ۔

ریل

شمالی ریلوے نے کٹرہ سے سرینگر تک وندھے بھارت کمرشل ریل سروس کا باضابطہ آغاز کیا اور ایگزیکیوٹیو کلاس کی سہولیات دستیاب Chair Car ہے ۔ اس ٹرین میں مسافروں کے لئے Chair Car کا کرایہ 715 روپے فی کس اور ایگزیکیوٹیو کلاس رہیں گی ۔ یکطرفہ سفر کے لئے کا کرایہ ایک ہزار 330 روپے فی کس مقرر کیا گیا ہے ۔ واضح رہے کہ اس سروس کا افتتاح وزیر اعظم نریندر مودی نے چھ جون کو کیا تھا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16 اعشاریہ 8ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ